# جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

JDW Group

17 - عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاسِ عام مورخہ یکم نومبر 2024ء بروز جمعہ بوقت صبح 11:00 بجے بمقام سمٹ ہال، رائل پام گولف اینڈ کنٹری کلب، 52-کینال بینک روڈ، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

### عمومی امور:

1- 27 جنوری 2024ء کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تعداد سات (07) مقرر کی ہے جو کہ یکم نومبر 2024ء سے شروع ہونے والے 3 سالہ دور کے لئے منتخب کئے جائیں گے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹران کے نام درج ذیل ہیں جو کہ دوبارہ منتخب ہونے کیلئے بھی اہل ہیں:

i) جناب جہانگیر خان ترین ii) جناب سید احمد محمود iii) محترمہ سمیرا محمود iv) جناب سید مصطفیٰ محمود
v) جناب عاصم نثار باجوہ vi) جناب اعجاز احمد vii) جناب ظفر اقبال

3- صاحبِ صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کاروائی کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء (ایکٹ) کی دفعہ (3)166 کے تحت متعلقہ تفصیلات نوٹس ہذا کے ہمراہ لف ہے۔

بمقام: لاہور
11 اکتوبر 2024ء

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
کمپنی سیکریٹری/ لیگل ہیڈ

## مندرجات

### A- عمومی امور:

i) تمام اراکین غیر معمولی اجلاسِ عام ("EOGM") میں شرکت اور رائے شماری کے اہل ہیں۔

ii) کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کھاتہ جات بروز ہفتہ 26 اکتوبر 2024ء سے بروز جمعہ 01 نومبر 2024ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ بروز جمعہ 25 اکتوبر 2024ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن

iii) لاہور (شیئرز رجسٹرار) کو موصول ٹرانسفرز کو بروقت وصولی شمار کیا جائے گا اور انہیں EOGM میں رائے شماری کا حق حاصل ہوگا۔
اراکین سے درخواست ہے کہ وہ شیئرز رجسٹرار/ کمپنی/ متعلقہ بروکرز کو فوراً مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں۔

a) اپنی رابطہ کی تفصیلات / پتہ میں تبدیلی
b) IBAN زیر دفعہ 242 کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") بذریعہ مینڈیٹ فارم جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے
c) CZ-50 فارم (زکوٰۃ سے استثنیٰ)

iv) ایسے اراکین جو کسی وجہ سے اپنے گذشتہ منافع منقسمہ / حصص (اگر کوئی ہے) حاصل نہیں کر سکے تو اُن سے گذارش ہے کہ وہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سے رابطہ کر کے وصولی سے متعلق معلومات حاصل کریں۔

v) ایکٹ سے سیکشن (1)134/(2)132 اور حکومتِ پاکستان / SECP کی ہمہ وقت جاری کردہ ہدایات کے مطابق کمپنی نے EOGM میں فاصلاتی شرکت (Virtual Participation) کے لئے ضروری انتظامات کئے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے اراکین EOGM کے انعقاد سے دو (2) یوم قبل اپنے شناخت/ رائے کے ساتھ maqsoodmalhi@jdw-group.com سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### B- EOGM میں شرکت اور شناخت کے لئے:

i) فردِ واحد کی صورت میں: اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر یا پاسپورٹ نمبر شناخت کے لئے پیش کیا جائے۔

ii) ادارے کی صورت میں: بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نمائندے کے نمونہ دستخط شناخت کے لئے پیش کئے جائیں۔

### C- پراکسیز کی تقرری کے لئے:

EOGM میں شرکت اور رائے شماری کے اہل اراکین اپنی جگہ EOGM میں شرکت اور رائے شماری کے لئے تحریری طور پر پراکسی / نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ مکمل پراکسی فارم EOGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئرز رجسٹرار کو لازماً جمع کرایا جائے۔ پراکسی فارم مکمل پُر شدہ/ کارآمد ہونا چاہئے اور مندرجہ ذیل ساتھ منسلک ہونے چاہئیں.

a) دو افراد سے گواہ شدہ
b) رکن اور پراکسی/ نمائندے کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول

### D- ای ووٹنگ کا طریقہ کار اور پوسٹل بیلٹ:

ممبران کو ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء کے تحت میسر کر دی جائے گی۔

### E- ڈائریکٹرز کا انتخاب:

کوئی بھی ممبر جو الیکشن لڑنے کا/ کی خواہشمند ہو، ایک کیٹیگری کا انتخاب کر سکتا/ سکتی ہے۔ جس میں وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہو۔ کمپنی کے ڈائریکٹر کے انتخاب کے مقاصد کیلئے ووٹنگ درج ذیل تین (3) کیٹگریز میں الگ الگ سیٹوں کی مقررہ تعداد کیلئے کی جائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| خاتون ڈائریکٹر 1 | آزاد ڈائریکٹر 2 | دیگر ڈائریکٹر 4 |

ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی ممبر چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر ممبر، اسے کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ دفتر میں مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل درج ذیل دستاویزات جمع کرانی ہوں گی:

i) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)159 کی شرائط کے مطابق خود کو ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

ii) اپینڈکس فارم-9 پر بحیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی، جو امیدوار کی جانب سے باقاعدہ مکمل اور دستخط شدہ ہو، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)167 کے تحت ضروری ہے۔

iii) اس سلسلے میں دستخط شدہ منظوری کہ وہ کمپنیز ایکٹ کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہے اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رول بک اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط سے پوری طرح آگاہ ہے۔

iv) مفصل پروفائل بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی۔

### F- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی سیکشن 166 کی تعمیل (خود مختار ڈائریکٹر کیلئے معیار):

مندرجہ بالا کے علاوہ ایسے امیدوار جو کہ خود مختار Independent ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینا چاہتے ہیں، سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کو نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر ڈیکلریشن بھی جمع کرائے گا کہ وہ ایکٹ کی دفعہ 166,CCG اور The Companies (Manner and Selection of Independent Directors) ریگولیشنز، 2018ء میں دی گئی خود مختار ڈائریکٹر کی اہلیت پر پورا اترتا ہے۔

**نوٹ:**

انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا تقرر کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 159 کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے تحت کیا جائے گا اور انہیں کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (6)166 میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اترنا ہوگا۔